شادی کی پہلی رات خون نہ نکلا تو زانیہ ؟
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ
الاستفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بہت سے لوگ یہ خیال کرتے ہیں شادی کي پہلی رات اگر دلہن کی شرمگاہ سے خون جاری ہو تو اسے اس عورت کے کنواری ہونے اور پاک دامن
ہونے پر محمول کرتے ہیں اور اگر خون وغیرہ نہ نکلے تو ا س پر زنا کي تهمت لگاتے هيں۔ کیا ایسا کرنا صحیح ہے ؟
سائل عبید انگلینڈ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب
ایسا خیال بالکل اسلام کے خلاف ہے اور پاک دامن پر صرف خون نہ نکلنے کی بنیاد پر تہمت حرام حرام ہے کیونکہ بعض اوقات خون اس نہیں آتا کہ پردہ بکارت زائل ہوچکا ہوتا ہے اورپردۂ بکارت زائل ہونے کے مختلف اسباب ہوسکتے ہیں، مثلاً شادی میں تاخیر یا مرض یا کسی جگہ سے چھلانگ لگانا یا کسی وجہ سے جھٹکا لگنا وغیرہ نیز بغیر ثبوت شرعی کے کسی مسلمان مرد یا عورت پربدکاری کی تہمت لگاناحرام اور گناہ کبیرہ ہے۔قرآن پاک نے ایسے شخص کو کوڑے لگانے کا حکم فرمایا۔
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں عن علي قال البهتان على البراء أثقل من السموات
بے گناہ لوگوں پر الزام لگانا آسمانوں سے زیادہ بوجھل ہے، یعنی بہت بڑا گناہ ہے۔
کنز العمال 3 802 ، رقم الحدیث 8810

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری
خادمِ دارالافتاء یوکے
<u>Date:30-04-2021</u>

If there is no blood emitted on the first night, hence the woman is a fornicator?

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ

QUESTION:

What do the scholars of Islām and Jurists of the Sacred Law state regarding the following issue: Many people assume that if there is some emission of blood flowing from the private region of the bride on the first night of the wedding, then this must mean that she is a virgin. And if there is no blood flow, etc. then they blame and accuse her of fornication - is doing so correct?

Questioner: Ubayd from England, U.K.

ANSWER:

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ
اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِيَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

Such a presumption is totally contradictory to Islām and to blame a chaste woman just because of there being no blood is Harām, Harām, Harām, because sometimes there is no blood flow due to the hymen having been stretched and torn as a result, and this can occur due to multiple reasons, such as delaying marriage, or an illness, or jumping around somewhere, or being startled all of a sudden, etc. In addition, it is Harām to unjustly blame a male or female Muslim of fornication without any Islamic legal proof and is a major sin; the Holy Qurā'n has commanded that such a person be lashed.

It is narrated from the noble and valiant Ā'lī - may Allāh Almighty further increase his nobility - stating,

"عن علي قال البهتان على البراء أثقل من السموات

'Blaming innocent people [i.e. without a sin having been committed] is more heavier and oppressive than the skies (i.e. it is a great sin).'

[Kanz al-Ū'mmāl, vol. 3, p. 802, Hadīth no. 8810]

والله تعالی أعلم ورسوله أعلم صلى الله عليه وآله وسلم
كتبه أبو الحسن محمد قاسم ضياء القادري

Answered by Muftī Qāsim Ziyā al-Qādirī
Translated by Haider Ali